# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

**Master of Social Work**

**Semester- I (November/December 2025)**

**Paper Code: MMSW102CCT**

**Paper Name: Sociology for Social Work**

**وقت: 3 گھنٹے** | **کل نمبرات: 70**

---

**ہدایات**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم اور حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارتاً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1۔ حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/خالی جگہ پر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ (10×1= 10 Marks)

2۔ حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کسی 5 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبر مختص ہے۔ (5×6= 30 Marks)

3۔ حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کسی 3 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبر مختص ہے۔ (3×10= 30 Marks)

---

## حصہ اول

**سوال نمبر: 1**

i) سماجیات کی تعریف کے لیے کون سا جواب صحیح ہے:

I- سماج کا سائنسی طرز پر مطالعہ کرتی ہے
II- فرد اور سماج کے درمیان ربط کو واضح کرتی ہے
III- سماجی زندگی اور سماجی اداروں کا مطالعہ کرتی ہے
IV- سماجی بدلاؤ کے پیٹرن کا مطالعہ کرتی ہے

A- II، III اور IV
B- II، I اور IV
C- I، III اور IV
D- III، II، I اور IV

ii) ذات پات کا نظام مبنی ہے؟

A- مقدس اور غیر مقدس کی نفسیات پر
B- معاشی حالات پر
C- جدید اور پرانے خیالات پر
D- سیاسی نظریہ پر

iii) فرقہ پرستی کے نظریہ کا تعلق ہے:

I- مذہبیت سے
II- قوم پرستی سے
III- گروپ کی شناخت کی سیاست سے
IV- تاریخ اور ماضی کے استعمال سے

A- II،III اور IV
B- II ،I اور IV

C- I،III اور IV
D- II،III ،I اور IV

iv) 'سماج کے تمام ادارے ایک دوسرے کے ساتھ ہم آہنگ ہو کر فنکشن کرتے ہیں'، یہ سماجیات کے کون سے مکتب فکر کا خیال ہے؟

v) سماجیات کی کسی کتاب کا پورا نام درج کریں۔

vi) 'سماجی اداروں کے Manifest اور Latent دونوں طرح کے فنکشن ہوتے ہیں'۔ یہ بات ------------- نے کہی ہے۔

vii) فیملی ایک پرائمری گروپ ہے۔ (صحیح/غلط)

viii) اگر کوئی فرد اپنی گھریلو اقدار کی وجہ سے اپنی پسند کے مطابق کوئی کام نہیں کر پاتا ہے تو اس کے پیچھے کیا وجہ ہوتی ہے؟

A- انفرادی سوچ
B- رسمی سماجی کنٹرول

C- مذہبی دباؤ
D- غیر رسمی سماجی کنٹرول

ix) کیا ہندوستان میں economic mobility کی وجہ سے social status بھی بدل جاتا ہے (ہاں/نہیں)

x) درج ذیل میں کون سا سماجی تربیت کا ادارہ **سب سے مضبوط ادارہ** ہے۔

A- اسکول
B- ماس میڈیا

C- پیر گروپ
D- فیملی

## حصہ دوم

2۔ سماجیات کے تصور کو مثالوں کے ساتھ واضح کریں۔

3۔ موجودہ سماج میں پبلک لائف اور انسانی رشتوں کو کارل مارکس کے نظریہ کی مدد سے بیان کریں۔

4۔ ہندوستان میں سماجی تحریکات کے اثر اور قسموں کو مثالوں کی مدد سے بیان کریں۔

5۔ انحراف کی مختلف شکلوں کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔

6۔ بدلتے ہوئے سماج میں فرد کی زندگی میں فیملی کے کردار اور اثرات کو بیان کریں۔

7۔ انسان کی زندگی میں مذہب کی اہمیت واضح کریں۔ کسی سماجیات مفکر کی مدد سے اس تصور کو بیان کریں۔

8۔ آج کے ہندوستان میں فرقہ پرستی کے نظریہ پر نوٹ لکھیں۔

9۔ جدید شہری زندگی میں پسماندہ گروپ کے لیے مواقع اور الجھنوں کو بیان کریں۔

## حصہ سوم

10۔ فرقہ وارانہ فسادات کی سماجیات پر روشنی ڈالیں۔ فسادات کی روک تھام میں سوشل ورک کے کردار کو واضح کریں۔

11۔ موجودہ ہندوستان میں ذات پرستی اور تشدد کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔

12۔ سوسیولوجیکل امیجی نیشن اور کامن سینسکل نالج کے درمیان فرق کو مثالوں کی مدد سے واضح کریں۔

13۔ سماجیت سازی (سوشلائزیشن) کے ذریعے ثقافتی اقدار کو منتقل کیا جاتا ہے۔ اس تصور پر تفصیلی مضمون لکھیں۔

14۔ سوشل ورک کی موثر سمجھ اور پریکٹس میں سماجیات کے رول کو مثالوں کے ساتھ واضح کریں۔

SCAN AnyScanner